علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ :

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری Plagiarism '' پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر 2	06-07-2026	مشق نمبر 1	06-07-2026
مشق نمبر 3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر 4	20-08-2026	مشق نمبر 2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: پاکستانی ادب (427) سمسٹر: بہار، 2026

سطح: بی اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1: اردو میں نظم اور نثر کی کون کون سی اصناف زیادہ مقبول ہیں؟ ان کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔ (20)

سوال 2: افسانہ اور ناول میں کیا فرق ہے نیز پاکستان بننے کے بعد سامنے آنے والے بڑے افسانہ نگاروں کے کام پر بات کریں۔ (20)

سوال 3: ناول کے اجزا کون سے ہیں نیز پاکستانی دور کے بڑے ناول نگاروں، خاص طور پر قرۃ العین حیدر اور عزیز احمد کی ادبی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال 4: ایک اچھے ڈرامے کی کیا خوبیاں ہوتی ہیں؟ پاکستانی دور کے مشہور ڈرامہ نگاروں اور ان کی تحریروں کا تعارف پیش کریں۔ (20)

سوال 5: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب دیں: (20 = 4 × 5)

i۔ پاکستان بننے کے بعد غزل کے موضوعات میں کون سی بڑی تبدیلیاں آئیں؟

ii۔ ترقی پسند تحریک نے اردو نظم کو عام آدمی کے مسائل اور سماجی حقیقتوں سے کیسے جوڑا؟

iii۔ ایک اچھے ناقد کا کام تجزیے کے ساتھ تعبیر کرنا بھی ہوتا ہے، اس حوالے سے بتائیں کہ ادب کو 'تنقید' کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟

iv۔ قیامِ پاکستان کے وقت اردو ادب نے لوگوں کے جذبات کو ابھارنے اور وطن سے محبت پیدا کرنے میں کیا کردار ادا کیا؟

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1: انشائیہ، سفر نامہ اور خاکہ نگاری سے کیا مراد ہے؟ پاکستان کے اہم انشائیہ اور سفر نامہ نگاروں کے بارے میں لکھیں۔ (20)

سوال 2: قیامِ پاکستان کے بعد اردو غزل کیوں اتنی مقبول ہوئی؟ اس دور کی غزلوں کے خاص موضوعات کیا تھے؟ (20)

سوال 3: نظم کی مختلف اصناف کون سی ہیں؟ نیز یہ بتائیں کہ 'ترقی پسند تحریک' سے وابستہ شاعروں کی نظمیں کیوں خاص تھیں؟ (20)

سوال 4: تنقید سے کیا مراد ہے؟ عملِ نقد کی وضاحت کریں نیز پاکستان بننے کے بعد اہم ناقدین کے نظریات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال 5: درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب تحریر کریں: (20 = 4 × 5)

i۔ انشائیہ کس طرح مضمون سے مختلف ہوتا ہے؟

ii۔ کسی بھی ناول کی کامیابی میں اس کے 'پلاٹ' یعنی واقعات کی ترتیب کا کیا حصہ ہوتا ہے؟

iii۔ ایک سٹیج یا ٹی وی ڈرامے میں موسیقی اور آرائش اس کے تاثر کو کیسے بہتر بناتی ہے؟

iv۔ سفر نامہ محض ایک سیاحت کی رپورٹ نہیں بلکہ فن ہے؛ اس صنف کی اہمیت چند جملوں میں لکھیں۔